شجرۂ انساب

بلوچ و راجپوت

حصّہ اوّل

0301-0331-0346-
7436344

مرتّب

عطا محمّد عطا

ایم۔ ایس سی (آنرز)

آئی ایس بی این کوڈ نمبر 969 8134

نام کتاب
شجرۂ انساب۔ بلوچ و راجپوت

نام مصنف
عطا محمد عطاؔ

تاریخ اشاعت
۱۵ نومبر ۱۹۹۰ء

تعداد اشاعت
پانچ سو۔ ۵۰۰

قیمت
سادہ چھپائی ــــ پچاس روپے
اعلےٰ چھپائی ــــ پچھتر روپے

کتابت
قدرت اللہ فاروق ــــ روف مارکیٹ اوکاڑا

ملنے کے پتے

موجودہ پتہ
عطا محمد عطاؔ۔ معاون کیمیادان
پاکستان تمباکو بورڈ، پوسٹ بکس نمبر ۸۳ ــــ اوکاڑا

مستقل پتہ
عطا محمد عطاؔ ولد کرم خاں
ساکن بستی مٹھہ خاں ڈاکخانہ کوٹ مبارک تحصیل و ضلع ڈیرہ غازیخاں

آصف شکیل پریس ساہیوال روڈ نزد صنم سینما اوکاڑہ

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم ۔

اِنَّا خَلَقنٰکُم مِّن ذَکَرٍ وَّ اُنثٰی وَ جَعَلنٰکُم شُعُوبًا وَّ قَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوا ؕ

(سورت الحُجرات)

ترجمہ :۔ ہم نے تمہیں ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور تمہارے مختلف خاندان اور قبیلے بنائے تاکہ آپس میں پہچان ہو ۔

ترتیب

نمبر شمار	مضمون	صفحہ نمبر
۱	پیشِ لفظ	۵
۲	تعارف	۷
۳	ابتدائی خاکہ	
	تاریخی پس منظر	
	بلوچ	۱۲
	ڈیرہ غازی خاں	۱۶
	راجپوت (نسب نامہ)	۱۷
	پرانی آبادی کلانور	۲۰
	بلوچ	
۴	پہلا شجرہ - شجرۂ نبوی	۲۱
۵	دوسرا شجرہ - شجرہ بلوچ (رند شاخ)	۲۲
۶	تیسرا شجرہ - شاخ حملانی کھوسہ (بستی منٹھہ وغیرہ)	۲۴
۷	چوتھا شجرہ	۳۰
	شاخ حملانی کھوسہ (بستی ہوت)	
۸	پانچواں شجرہ	۳۳
	سرداران کھوسہ	
	شاخ بلیلانی کھوسہ	
	شاخ جیانی کھوسہ	۳۵
	شاخ عمرانی کھوسہ	۴۵
	شاخ رند بلوچ	۴۶
	شاخ جتوئی بلوچ	
	شاخ لشاری بلوچ	
	راجپوت	
۹	چھٹا شجرہ	۴۷
	ابتدائی سلسلہ راجپوت	
	ابتدائیہ	۴۸
۱۰	ساتواں شجرہ	۴۹
	سلسلہ ساردول خانی	
۱۱	آٹھواں شجرہ	۶۴
	سلسلہ شاہ مراد خانی	
۱۲	نوواں شجرہ	۷۰
	سلسلہ نعمت خانی	
۱۳	دسواں شجرہ	۷۷
	سلسلہ جیین خانی	
۱۴	گیارھواں شجرہ	۸۳
	سلسلہ احمد خانی	
۱۵	بارہواں شجرہ	۸۸
	سلسلہ دولت خانی	
۱۶	تیرھواں شجرہ	۹۶

نمبر شمار	مضمون	صفحہ نمبر
	سلسلہ جگتوان بحوالہ حضرت خواجہ عبدالرزاق صاحبؒ	
١٧	چودھواں شجرہ	٩٨
	شاخ اجمیری خاں	
١٨	پندرھواں شجرہ	١٠٠
	شاخ حسن خانی	
١٩	سولھواں شجرہ (بڑا پانہ)	١٠١
	سلسلہ بجرم خاں	
	شاخ علی خانی	١٠١
	شاخ بھکن خانی	١٠٢
	شاخ معظم خانی	١٠٣
	شاخ سلیم خانی	١٠٧
	شاخ جعفر خانی	١٠٨

نمبر شمار	مضمون	صفحہ نمبر
٢٠	سترھواں شجرہ (بڑا پانہ)	…٣
	سلسلہ بلکرن خاں	
	شاخ فتح خانی	…٣
	شاخ حاجی خانی	…٩
	شاخ ہیبت خانی	…١
٢١	اٹھارھواں شجرہ	…٢
	سلسلہ شہباز خاں (عرف کھڑکھڑیوں والے)	
٢٢	متفرق شجرے	…٥
	ا۔ شجرہ نسب برائے زبان	…٥
	ب۔ شجرہ نسب برائے نرخنامہ اجناس	…٧

علامات

⊕ لاولد یا نرینہ اولاد نہیں۔

اپنے نسلی خاندان سے باہر شادی کی۔

دو شادیاں کیں اور دونوں خاندان سے باہر کیں۔

ا کے ب اور ج بیٹے ہیں۔ جب کہ ب بڑا بیٹا ہے۔

ا کے ب اور ج بیٹے ہیں۔ جبکہ ج بڑا بیٹا ہے۔ (ج I، ب II)

پیش لفظ

یہ کتابچہ بلوچ خصوصاً کھوسہ بلوچ اور پنوار راجپوت کی کچھ شاخوں پر مشتمل ایک ایسا شجرہ جات کا ذخیرہ ہے جو ایک نام سے شروع ہو کر تقریباً ایک سو شاخوں میں منقسم ہو جاتا ہے۔ حتے الامکان معروف اسمائے گرامی بلحاظ نسل اور عمر مرتب کئے گئے ہیں۔ یعنی بڑے بھائی کا نام پہلے نمبر پر اور چھوٹے کا آخر میں لکھا گیا ہے۔ ناموں کی تعداد زیادہ ہونے کی بنا پر بقیہ جات کی صورت میں نسلی ترتیب کو مکمل کیا گیا ہے۔ ہر صفحہ اپنی ایک مکمل ترتیب رکھتا ہے۔

مرتب کتاب ہذا جناب عطار محمد عطا صاحب میرے نہایت قریبی عزیز ہیں۔ یہ اپریل ۱۹۵۰ء میں ایک متوسط زمیندار گھرانے میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے آبائی قصبہ باطل (کوٹ مبارک) میں مکمل کی۔ میٹرک کا امتحان امتیازی حیثیت سے (اسی فیصد نمبر لے کر) ہائی سکول نمبر ۱ ڈیرہ غازی خاں سے ۱۹۶۹ء میں پاس کیا۔ سات آٹھ سال زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں زیر تعلیم رہے۔ جہاں سے ۱۹۷۷ء میں ایم۔ ایس سی (آنرز) کا امتحان فرسٹ ڈویژن میں پاس کیا اور تقریری مذاکرہ بعنوان "حضورِ اکرم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بحیثیت محسنِ کائنات" ۷۴-۱۹۷۳ء میں یونیورسٹی بھر میں اوّل انعام حاصل کیا۔

دورانِ تعلیم تنظیمی امور میں واقفیت حاصل کرنے کے لئے مختلف طلبہ تنظیموں سے منسلک رہے۔ مثلاً سرائیکی بزم سنگت اور انجمن طلبۂ اسلام وغیرہ۔

ملازمت کا سلسلہ چاول کا تحقیقاتی ادارہ کالا شاہ کاکو (لاہور) سے اپریل ۱۹۷۸ء میں شروع کیا۔ ڈیڑھ سال بہاول پور میں گزارا۔ ریڈیو پاکستان بہاول پور اور ملتان سے زرعی پروگرام میں ان کی "تھور بارہ زمین دی اصلاح"، "سبز کھاد دا استعمال" اور "جپسم" کے عنوانات سے تقاریر نشر ہوئیں۔ ان کے تین سائنسی مقالے ایگریکلچرل جنرل اور پاک ٹوبیکو میں چھپ چکے ہیں۔ تاہم کتاب کی صورت میں "شجرۂ انساب بلوچ و راجپوت" ان کی پہلی کوشش ہے۔

اس وقت پاکستان تمباکو بورڈ اوکاڑا میں اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ بلوچ خاندان جو ان کا اپنا خاندان ہے، کے ساتھ ساتھ راجپوت خاندان کے شجرہ جات بھی شامل کئے ہیں۔ کیونکہ یہاں دس سال سے

اقامت پذیر ہونے کی وجہ سے راجپوت خاندان میں بھی اپنے خاندان کی طرح رسم و رواج اور خاندانی روایات کا پاس دیکھا۔

امید ہے کہ راجپوت خاندان کے لوگ بھی اپنے شجرے دیکھ کر محظوظ ہوں گے۔ اس سے بزرگوں کی عظمت اور شان و شوکت کی یاد تازہ ہوگی۔ کیونکہ نام کی یاد سے زندگی کی جھلک نظر آتی ہے۔ جس طرح بعض نام دلیری کی علامت بن جاتے ہیں۔ جیسے ٹیپو۔ آخر میں زبان اور نرخ نامہ کا شجرہ بھی درج ہے۔

امید ہے کہ اغلاط کی درستگی کے لئے اغلاط نامہ یا کوئی اور صورت نکالی جائے گی۔

نذیر احمد خان کھوسہ
پرنسپل
گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول
ڈیرہ غازی خان

تعارُف

اِن چند اوراق میں "شجرۂ انساب" کے نام سے کچھ شجرہ جات دیئے گیے ہیں ۔تاکہ جن اکابرین نے کارہائے نمایاں سر انجام دیئے ہیں اور اپنا نام پیدا کیا ہے ۔اگر ان کے سارے واقعات نہیں تو کم از کم سِلسلہ داران کے نام ہی یاد رکھے جائیں ۔شاید بایں سبب ہم میں محبّت و اخوّت اور مردانگی پیدا ہو ۔

پہلا شجرہ

پہلا شجرہ حضرت آدم علیہ السّلام تا حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم بمعہ چاروں خلفائے راشدین کے معروف اسمائے گرامی پر مشتمل ہے ۔یہ شجرہ قرآن پاک کی مختلف تفاسیر سے ترتیب دیا گیا ہے ۔بعض مفسّرین قدرے اختلاف کرتے ہیں ۔جب کہ بعض کے نزدیک تو سینکڑوں نسلیں نامعلوم ہیں ۔اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے ۔ زبانوں کے اختلاف نے تو بعض الفاظ کے معنے ہی بدل ڈالے ہیں ۔

دوسرا شجرہ

دوسرے شجرے میں بلوچ نسل کے جدّ امجد سے میر جلال خاں تک اور ایک رند شاخ کا اندراج ہے ۔اس روایت پر ابھی کافی تحقیق کی ضرورت ہے ۔کہ حضرت امیر حمزہؓ نے مصر کے بادشاہ ناصر شاہ کی بیٹی مریم سے شادی کی ۔جن کو بعض روایات میں آسمان پری سے موسوم کر کے افسانوی رنگ دے دیا گیا ہے اور جن کے بطن سے عمر پیدا ہوئے ۔اسی طرح میر جلال خاں کے والد کے نام پر بھی کافی اختلاف ہے ۔تین نام زیادہ ملتے ہیں ۔یعنی ہارون ،محمد ،اور جُنید خاں ۔

" بلوچ قبائل" میں جُنید خاں مستند سمجھا گیا ہے ۔اسی طرح باقی ناموں کی ترتیب اور تعداد میں بھی کافی اختلاف ہے ۔

تیسرا شجرہ

تیسرا شجرہ ہوت بلوچ کی ایک شاخ کھوسہ المعروف کھوسہ اور پھر مزید شاخ در شاخ حملانی . بابلانی پر مشتمل ہے . جن کا شجرہ بابل خاں اوّل اور پھر حمل خاں تک سید محمد خاں ولد عین خاں کا خود نوشت موجود ہے جو کہ سنہ ۱۹۲۳ء میں پنشنر ہوئے . ہائی سکول ڈیرہ غازیخاں کے ہیڈ ماسٹر تھے . جو ضلع بھر میں واحد ہائی سکول تھا . ان کے بڑے لڑکے غلام محمد خاں نائب تحصیلدار تھے . سنہ ۱۹۵۲ء میں ریٹائر ہوئے . انگریزی دورِ حکومت میں کسی مسلمان کا ڈیرہ غازی خاں سے اور بلوچ قبائل سے نائب تحصیلدار یا تحصیلدار ہونا بڑا اعزاز تھا . ان کے لڑکے بھی اعلیٰ عہدوں پر فائز ہیں .

مٹھہ خاں کا صرف نام ہی میٹھا نہیں بلکہ کردار بھی عظیم تھا . ان کے نام پر بستی کا قیام اور اس وقت کے تمنداروں سے قریبی مراسم جیسے لعل خاں کے خطوط سے ظاہر ہے . کافی اہمیت کے حامل ہیں . ان کا تاریخی ریکارڈ شوال سنہ ۱۱۸۸ھ کا ہے .

تیسرا شجرہ کافی تسلی بخش ہے . کیونکہ یہ تمام اسمائے گرامی چمن لال بندوبست (مروجہ سنہ ۱۸۷۲ء) میں درج ہیں . یا حوالہ دیا گیا ہے .

چوتھا شجرہ

چوتھا شجرہ حملانی شاخ جاموآنی پر مشتمل ہے . "بستی ہوت" ان کی عظمت کا زندہ ثبوت ہے . ان لوگوں میں تعلیم کا کافی رجحان ہے . بعض لوگ اعلیٰ عہدوں پر بھی فائز ہیں .

پانچواں شجرہ

پانچواں شجرہ سرداران کھوسہ پر مشتمل ہے . یہ لوگ نہ صرف بکیل خاں کے ہونہار فرزند ثابت ہوئے . بلکہ میر جلال خاں کے کردار کو مزید اُجاگر کیا ہے . ان کی شاہانہ صلاحیت کی بنا پر ہر حکومت ان کو حکومت میں شامل کرنے پر مجبور رہی ہے . انتہائی اعلےٰ عہدوں پر فائز ہیں . سردار ذوالفقار علی خاں موجودہ وزیر تعلیم صوبہ پنجاب نہ صرف اعلیٰ صلاحیت کے مالک ہیں . بلکہ شریف النفس اور محنتی انسان ہیں ان کے دوسرے بھائی بند بھی علاقے کی خوش حالی کے لئے کوشاں ہیں .

"بلوچ قوم اور اس کی تاریخ" اور "تاریخ ڈیرہ غازی خان" کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ میر جلال خاں، میر ہوت خاں، میر عبد دخان اور میر عالی (علی) خاں یکے بعد دیگرے حاکم مکران ٹھہرے۔ میر عالی خاں کے چھوٹے بھائی میر کھوسخ خاں کے حصہ میں سبی کا علاقہ آیا۔ میر کھوسخ خاں کی اولاد ۱۴۶۹ء میں کوہ سلیمان تک پھیل گئی۔

اسی زمانہ میں غازی خاں، فتح خاں اور اسماعیل خاں جو نسلاً ہوت بلوچ ہیں۔ کی حکومتیں قائم ہوگئیں۔

شاخ جیانی، جیا خاں کی اولاد پر مشتمل تصدیق شدہ شجرہ ہے۔ جو دین محمد خاں و عطا محمد خاں پسران محمد خاں نے مہیا کیا ہے۔ موجودہ نسل تک اندراج کے لئے محمد یوسف خاں ولد غلام حیدر خاں جیانی نے کافی مدد کی ہے۔

موخرالذکر نے اپنے بزرگوں کے حوالہ سے بتایا کہ بلیل خاں کو جو جمل خاں، جیا خاں اور عمر خاں کا سوتیلا اور چھوٹا بھائی تھا۔ جنگی حکمت عملی کے تحت بھائیوں نے فوجی سربراہ بنایا۔ کیونکہ اس کے لئے اپنے نانا جان سے جو بذاتِ خود نواب تھے فوجی امداد لینا آسان تھا۔

شاخ عمرانی کے لئے چند بزرگوں سے رابطہ قائم کیا گیا۔ مگر خاطر خواہ کامیابی نہ ہو سکی۔ حاصل خاں عمرانی نے بلوچوں کی ایک باہمی لڑائی کا حال سنایا۔ وہ کہتا ہے کہ یہ لڑائی یارو کے قریب لڑی گئی۔ چھ سو حملہ آور لغاریوں کو کوسخ قبیلہ کے صرف ستر آدمیوں نے یکبارگی حملہ کر کے پسپا کر دیا۔ جو بدحواسی کے عالم میں اپنے جوتے اور پگڑیاں بھی چھوڑ گئے۔ جو ان کو بعد میں بھجوا دی گئیں۔

بلوچ نسل کی چند اور شاخیں بھی دی جا رہی ہیں جن کا ماضی اور حال کافی شاندار ہے۔

چھٹا شجرہ

چھٹا شجرہ راجپوت نسل کا دیا گیا ہے۔ تاکہ محقق لوگ تاریخ ہند کے حوالے سے موجودہ راجپوت برادری اور ان ک
آباؤ اجداد کے کارہائے نمایاں سے آگاہی حاصل کریں۔ اس برادری کی بھی پاک و ہند میں عظیم تاریخ ہے۔

روایت ہے کہ یہ لوگ تغلق دورِ حکومت میں دائرہ اسلام میں داخل ہوئے تھے۔ موجی سنگھ جو مسلمان ہو کر موج دین (معز
کہلائے۔ جگپت چند کے بیٹے تھے۔ کمال خاں کا سلسلہ نسب چھٹی نسل میں معز الدین سے ملتا ہے۔

اس شجرہ کی تحقیق کے لئے " اقوام پاکستان " مصنفہ عبدالرزاق جنجوعہ اور شمس العارفین مطبوعہ اکتوبر ۱۹۷۸ء تحریر
بابو رفیق احمد صاحب رزاقی کا مطالعہ سود مند رہے گا۔

جد امجد راجپوت میں کلیان سنگھ کے نام کو کافی اہمیت حاصل ہے۔ جنہوں نے کلانور ۹۷۲ بکرمی میں آباد کیا تھا۔ (بحوالہ ل
تاریخ کھچی چوہان مصنف ٹھاکر مانک رام) کلانور جو محمد حیدر خاں ولد محمد فاضل خاں بلوچ سے راؤ اجمیری خاں ولد شاہ محمد خاں ۔
۲۵ محرم الحرام ۱۱۳۷ھ کو بحکم بادشاہ غازی خان بہادر سلطان شاہ عالم اقتدار جنگ ظفر الدولہ حاصل کیا ۔ محمد حیدر خاں بلوچ
اٹھارہ ہزاری تھا۔ جو بقایا سرکار دینے سے انکاری ہو گیا تھا۔ اجمیری خاں نے اجمیر شریف جاتے ہوئے شاہی قافلہ پر حملہ ہو جل
کی صورت میں بہادری کے جوہر دکھائے اور انعام کے طور پر دوبارہ کلانور گاؤں حاصل کیا۔

کلانور ایک قصبہ ہے۔ جس کے ۲۴ نمبردار اور ایک ذیلدار تھا۔ آبادی کی اکثریت راجپوت مسلمان تھی۔ تاہم ۱۹۴۷ء می
پاک و ہند کی تقسیم کے وقت گاؤں مسلمان آبادی سے مکمل طور پر خالی ہو گیا اور سنا ہے کہ اب وہاں جھنگ سے جانے والے سکھ ج
" روڑ سے " رہتے ہیں۔ تاہم مسلمانوں کے چند گھر سرائے والی مسجد کے قریب اب بھی رہتے ہیں جو سود اسلف بیچنے وہاں آیا کر
تے۔ اب مکمل طور پر رہائش رکھتے ہیں۔

چھٹا شجرہ تا آخر پسران کمال خاں، ان کے بھائی اور ان کے بزرگوں کی اولاد پر مشتمل شجرہ جات ہیں۔

عطا محمد عطا
معاون کیمیادان
پاکستان تمباکو بورڈ
۴۰/۳ - آر (ضلع اوکاڑہ)

اِبتدائی خاکہ

اس کتاب میں بلوچ اور راجپوت دو مختلف نسلوں کے شجرہ جات دیئے گئے ہیں۔ دونوں حضرت نوح علیہ السلام کے بیٹے سام کی اولاد ہیں۔ یعنی سامی النسل ہیں۔

بلوچ نسل کا ابتدائی خاکہ اس طرح ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام سے حضرت امیر حمزہؓ تک صرف ۴۸ معروف اسمائے گرامی درج کئے جاسکے ہیں۔ کیونکہ قبل از زمانہ تحریر اسمائے رجال کی ترتیب و تعداد کی تصحیح مشکل ہے۔ حضرت امیر حمزہؓ سے موجودہ نسل تک تقریباً ۴۳ نسلیں درج ہیں۔ ایک صدی میں تین نسلیں ہوتی ہیں۔ اگر اس اوسط کو درست تسلیم کیا جائے۔ تو اس طرح موجودہ نسل تک چودہ سو سال سے کچھ زائد عرصہ بنتا ہے۔ جو تقریباً درست ہے۔

بہر حال بلوچ نسل کے معروف سردار میر جلال خاں تک چوبیس نسلیں بنتی ہیں۔ جو بلوچ قوم اور محکمہ مال کے ریکارڈ کے مطابق درست ہیں۔ میر جلال خاں کی اولاد میں سے میر ہوت خان کے علاوہ کچھ اور شاخیں بھی مختصراً درج کی گئی ہیں۔ میر ہوت خاں کی اولاد میں میر کھو سخ خاں اور خصوصاً بھادا خاں کی اولاد کی کافی تفصیل موجود ہے۔ اگرچہ بعض لوگوں کی عدم دلچسپی کی بناپر چند شاخیں مکمل طور پر درج نہیں ہوسکی ہیں۔

راجپوت خصوصاً پنوار راجپوت کی وہ تمام شاخیں درج ہیں جن کا تعلق کلانور ضلع روہتک سے ہے۔ اور ان کے جد امجد راؤ کو نبھا خاں ہیں۔ ماسوائے دو شاخوں کے جن کے شجرے بسیار کوشش کے باوجود بھی نہ مل سکے۔ (جگدیو خاں اور محمد خاں عرف کھیپر لویں والے)

راؤ کو نبھا خان سے راجہ بجر ماجیت تک بیٹوں کی تفصیل کے ساتھ نام ترتیب وار درج ہیں۔ جو کہ صحیح ہیں۔ کیونکہ ان کے نام پر سن بجرمی آج تک جاری ہے۔ لہٰذا ۲۰۴۷ سال تک کا ذاتی شجرہ شاید ہی کسی کے پاس موجود ہو۔ اس حصہ تک "سر تاج التواریخ" سے فائدہ اٹھایا گیا ہے۔ تاہم اس سے آگے رسالہ "شمس العارفین" کی پیروی کی گئی ہے۔

تاریخی پس منظر

لفظ تاریخ " یرخ " سے بنا ہے جسکے معنی چاند کے ہیں لہذا واقعات نو کو تاریخ کہتے ہیں ۔ اس طرح جو واقعات وحالات جس زمانہ کے ساتھ منسوب ہو جاتے ہیں انکو اس زمانہ کی تاریخ کہتے ہیں ۔

شروع میں یہ واقعات قوت حافظہ کی وجہ سے زندہ رہتے تھے اب تحریر میں آجاتے ہیں ۔ ایسے شجرہ جات کو جو قبل از زمانہ تحریر تعلق رکھتے ہوں ، معتبر نہیں سمجھا جاتا ۔

حضرت آدم علیہ السلام ابوالبشر ہیں آپکی زبان سُریانی تھی ۔ سُریانی سے عبرانی اور عبرانی سے عربی زبان معرض وجود میں آئی ۔ سُرخ چہرہ ، فراخ چشم ، بلند گردن اور دراز گیسو ، یہ ہے آپ کا مختصر حلیہ مبارک ۔

بقول بطلیموس آپ کا زمانہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے ۶۲۱۶ سال پہلے کا بنتا ہے ۔ آپ نے بروز جمعۃ المبارک مکہ معظمہ میں ۱۸۵۴ سنہ قبل از طوفان نوح رحلت فرمائی اور ابوقبیس میں مدفون ہوئے ۔

نعلین کا پہننا حضرت شیث علیہ السلام سے چلا ہے اور سب سے پہلے پوجا کیلئے حضرت مہلائیل کا بت بنایا گیا ۔

حضرت نوح علیہ السلام جو آدم ثانی کے نام سے بھی موسوم ہوتے ہیں بکو طوفان سے واسطہ پڑا یہ طوفان چالیس روز جاری رہا ، آپ نے ایسے آدمیوں کو جو آپ کو مانتے تھے کشتی میں سوار کرکے بچایا ۔ یہ طوفان ۳۲۴۵ سنہ قبل از مسیح آیا ۔ جب بیس محرم کو طوفان تھما تو کشتی کوہ جودی پر لگی ۔ آپ طوفان کے بعد ۳۵ برس زندہ رہے ۔

بلوچ

مسقط کے بہت بڑے عالم جناب شیخ زبیر بن شیخ علی الہوتی جو سلطان مسقط کی مصاحبت میں رہے ہیں ۔ بلوچوں کو عربی النسل گردانتے ہیں ۔ انہوں نے بلوچوں کو محمد بن نزار کی اولاد ثابت کیا ہے جن کا شجرہ چودہ واسطوں سے حضرت عدنان سے ملتا ہے جو حضرت اسماعیل علیہ السلام بن حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولاد ہیں ۔ " بلوچ قوم اور اسکی تاریخ " کے مطابق عمالقہ نے بنو اسماعیل کو مکہ مکرمہ سے نکال دیا ۔ اور انکے کچھ قبائل شام کی مشہور وادی " بلوص " نزد حلب آکر آباد ہو گئے اور بلوص کہلائے ۔ یہی بلوص فارس میں داخل ہوئے تو " ص " " ا " بچ " سے بدل گئی اور بلوص سے بلوچ بن گئے اور کچھ لوگ واپس وادی بلوص گئے تو بلوچ کی بجائے بلوط کہلانے لگے ۔ میر داد خاں بلوچ مقیم بغداد لکھتے ہیں کہ حلب اور موصل کے درمیان " بلوص " ایک وادی ہے جہاں اس وقت بھی بلوص اور بلوط دو قبائل آباد ہیں اور یہ وادی شام کی فوجی چھاؤنی ہے ۔

لیس ، اسپیکل اور ٹرمپ بلوچوں کو ایرانی نژاد قرار دیتے ہیں ۔ جسکی تائید وہ بلوچی روایات جسمانی خدوخال اور زبان سے پیش کرتے ہیں ۔ ابوالقاسم فردوسی (۹۴۱ء - ۱۰۳۰ء) شاہنامہ میں پیش دانی ، کیانی

اور ساسانی بلوچوں کے بالترتیب ۱۵، ۱۰، اور ۲۰ بادشاہوں کا ذکر کرتا ہے۔ وہ لکھتا ہے کہ چیتے کے نشان والا ان کا اپنا جھنڈا ہوتا تھا۔

ایک اور سیاح ابن ہوقل المقدسی (۹۵۷ - ۹۷۶ء) بلوچوں کی حکومت یعنی ملک کرمان کا حدود اربعہ بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ مشرق میں مکران اور اس کا ملحقہ علاقہ، مغرب میں فارس، شمال میں خراسان اور جنوب میں خلیج العرب واقع ہے۔

ابو عمر منہاج الدین جرجانی (۶۱۳ ھ) مکہ مکرمہ براستہ سیستان گیا، دارالخلافہ کے قریب گنبد بلوچ " میں سات ماہ قیام کیا، بلوچوں کی مہمان نوازی کی بہت تعریف کرتا ہے۔ جب ۱۲۲۱ء میں وسط ایشیا میں چنگیزی طوفان نے تباہی مچائی، بلوچوں نے اس آفت ناگہانی سے ٹکر لینی مناسب نہ سمجھی لہٰذا کرمان کو خدا حافظ کہا۔

ایک بلوچی نظم دفتر کے مطابق جو چودھویں صدی کی معلوم ہوتی ہے، بلوچ سیستان میں قیام کرتے ہیں۔ اور بدرالدین (وفات ۵۹۵ھ) سے تصادم کا ذکر بھی ملتا ہے۔

جب بلوچوں نے سیستان کو چھوڑا تو یہ قافلہ چالیس پاڑوں پر مشتمل تھا۔ جس میں چار غلام قبیلے تھے۔ لاہور کا ایک خانہ بدوش قبیلہ جو خود کو بلوچ کہلاتا ہے اور اونٹ ساتھ رکھتا ہے، ان چار میں سے ایک ہے۔ ان چالیس پاڑوں پر مشتمل جو قافلہ سیستان سے ہارین بند آیا (ہارین بند مکران میں واقع ہے) ان کا سردار میر جلال خاں بن جنید خاں تھا۔ محمد حنیف خاں مہر کا چیلوی سردار میر جلال خاں کے قلعہ میری کا تذکرہ اس طرح کرتے ہیں کہ یہ قلعہ اندازاً ۸۰ فٹ دریا کی سطح سے اوپر تھا اور چار منزلوں میں بٹا ہوا تھا۔ سب سے نچلے حصے کو جمار خانہ (لشکر گاہ) کہتے تھے، دوسری منزل "مہمان خانہ" حکومت کے دفاتر اور عدالتیں، تیسری منزل "انبار خانہ" یعنی اناج اور ہتھیار رکھنے کی جگہ، جہاں ایک تالاب تھا۔ جسے بارش کے پانی سے بھر لیا جاتا تھا، شاہی مسجد جس میں میر صاحب اپنے امراء اور مہمانوں کے ساتھ نماز ادا کرتے اور چوتھی منزل "حرم سرا" تھی جس میں سیڑھیوں کے ذریعے پہنچتے تھے۔ مکران ایک وسیع ملک تھا جس کا دارالحکومت بمپور (بھمبھور) تھا۔ اسکے شمال میں سیستان، جنوب میں بحیرہ عرب، مشرق میں ہندوستان اور مغرب میں کرمان تھا، یہ وسعت ۶۲۶ ھ کی لگتی ہے۔ مکران کا نام مکران بن فاروق بن سام بن نوح علیہ السلام کے نام پر مکران پڑا۔

شیخ جمال اُچی کی روایت کے مطابق بلوچوں نے ملتان اور اسکے گرد و نواح میں خاندان غلاماں کے دور حکومت کے شروع میں ہی گروہ در گروہ آنا شروع کر دیا تھا۔ جبکہ شیخ شہر اللہ لنگاہ اپنی کتاب "تذکرہ حمیدیہ" میں گنگا اور سندھ کی وادیوں میں سلطان حسین لنگاہ کے دورِ حکومت میں بلوچوں کی آمد کا ذکر کیا ہے۔ لیفٹیننٹ میکلیگن نے ایک فارسی دستاویز سے ثابت

کیا ہے کہ سلطان حسین لنگاہ کے زمانے میں کوہ سلیمان کے دامن میں بلوچ بڑی طاقت رکھتے تھے اور انہوں نے سلطان کا ناک میں دم کر رکھا تھا۔
معصومی کے مطابق جب خسرو (کشلو خاں) گورنر ملتان نے سلطان محمد تغلق سے جنگ کا ارادہ کیا تو کوہ سلیمان کے دامن سے بلوچوں سے مدد لی تھی۔
المختصر بلوچ مکہ مکرمہ سے بنو اسماعیل کے نام سے حلب گئے، حلب سے کرمان اور پھر مکران براستہ سیستان پہنچے۔ اس وقت سب سے زیادہ آبادی ایران کے جنوب مشرقی حصہ "ایرانی بلوچستان" پاکستان کے جنوب مغربی حصہ "بلوچستان" اور افغانستان کے جنوبی حصہ میں ہے۔
پاکستان میں زیادہ تر بلوچ قبائل مکران اور کوہ سلیمان میں آباد ہیں۔ تاہم لس بیلہ، قلات، خیرپور میرپور، حیدرآباد، جیکب آباد، سبی، کوئٹہ اور ڈیرہ غازیخان میں اچھی سیاسی اور معاشی حالت میں رہتے ہیں۔ اسکے علاوہ مظفرگڑھ، جھنگ، سرگودھا، خوشاب، شاہ پور، ملتان، ساہیوال اور اوکاڑہ میں بھی کسی حیثیت میں دوسروں سے کم نہیں۔
بلوچ قبائل مختلف ناموں سے مسقط، شام، ترکی اور دوسرے عرب ممالک میں بھی پائے جاتے ہیں۔ تاریخ میں تین قسم کے لوگوں کو بلوچ کہا گیا ہے۔ اوّلاً اصل بلوچ (بلحاظ شجرہ)، دوم مدغم قبائل اور سوم وہ لوگ جو ان علاقوں میں رہتے ہیں جہاں بلوچوں کی اکثریت ہے۔
ہوت بلوچوں کا ابتدائی رہبط ہے، بڑی تعداد میں پھیلے ہوئے ہیں، مکران میں اب بھی نہایت مضبوط قبیلہ ہے۔
کھوسہ خاں کے نام پر کھوسہ (کھوسہ) جو اس کا اہم قبیلہ ہے۔ اسکے دو تمن ہیں ایک کا مرکز بالائی سندھ میں جیکب آباد کے قریب اور دوسرے کا ڈیرہ غازی خاں کے قرب و جوار کوٹ مبارک (بہادر گڑھ) میں ہے۔ سبی اور سوران میں بھی کھوسہ نام کا ایک پاڑا ملتا ہے۔ کھوسہ تمن میں جبلانی، حملانی، عمرانی اور جیانی مشہور پاڑے (شاخیں ہیں)۔ جبیلا، عیسانی، حالتی، جنداتی اور لشاری بھی کیصورت میں اہم گردانے جاتے ہیں۔
تاریخ ڈیرہ غازی خاں (حصہ اوّل) کے مطابق کھوسہ قبیلہ غازی خاں اول کے دور سے قبل رکنی ضلع لورالائی میں آباد تھا یہ قبیلہ اسی دور میں میدانی علاقہ کی طرف بڑھا۔ بھادا خاں کے چاروں فرزند حمل خاں، جیاں خاں، عمر خاں اور بلیل خاں آگے بڑھے۔ اندر پہاڑ حمل خاں کے نام کی مسجد مشہور ہے۔ وہیں ایک قبر ہیں جس کے اوپر ایک بڑا پتھر کھڑا کیا گیا ہے، حمل خاں ابدی نیند سو رہے ہیں۔ جیا خاں کی قبر موضع جیانی میں "جیانی قبرستان" میں ہے۔ عمر خاں اور اسکے بیٹے عاجب کی قبریں میر شہلی (دوڈور) میں ہیں۔ بلیل خاں کے نام کا پہاڑ رکنی میں موجود ہے اور ایک پہاڑ کی چوٹی پر انکی رہائش کی

یادگار بھی بتائی جاتی ہے۔

عبدالقادر خان لغاری مصنف تاریخ ڈیرہ غازی خان لکھتے ہیں کہ بلیل خاں عیسانی قبیلہ کے ساتھ لڑائی میں داد شجاعت دیتا ہوا چوٹی بالا کے قریب میدان جنگ میں کام آیا جسکی قبر "بلیل گور" کے نام سے منسوب ہے۔ یہ غازی خان اول (۱۴۶۹ - ۱۴۹۴ء) کا زمانہ تھا۔ کھوسہ قبیلہ کے لوگ جب پہاڑ سے نیچے اترے تو دامن کوہ میں کئی آبادیاں قائم کیں مثلاً ایک آبادی "کوٹ گری" کے قریب "بن بٹھی" میں قائم ہوئی۔ یہ آبادی بیس ایکڑوں پر مشتمل تھی پانی پینے کیلئے میٹھا کنواں موجود تھا۔ قریب سے ایک "گنگ" پہاڑی چشمہ کا پانی کافی مقدار میں ندی کی صورت میں گذرتا تھا۔ تاریخی دستاویزات سے پتہ چلتا ہے کہ یہ آبادی شوال ۱۱۸۸ھ میں پٹھانوں کے ساتھ لڑائی کیوجہ سے ختم ہوگئی، اسکے آثار ابھی باقی ہیں۔ یہ رقبہ بندوبست اراضی ۱۸۷۲ء میں جامو خاں اور بابل خاں پسران کھتی خاں حملانی کھوسہ اور غلام حیدر خاں ولد جوانک خاں بلیلانی کھوسہ حصہ برابر دکھایا گیا ہے۔

تاریخ میں ایک جگہ کوٹ کھوسہ کے نام سے موسوم ہے۔ شاید یہی وہ جگہ ہو۔ باطل خاں ولد بلیل خاں کے نام پر باطل (موجودہ کوٹ مبارک) بھی قدیم آبادی ہے۔ اگر بغور مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ بھاوا خاں کی اولاد پہاڑ سے میدان تک ساتھ ساتھ اور قدرے مشترک رقبہ پر قابض ہے۔

جیسے موضع عمرانی پر، عمرانی شاخ، موضع جیانی پر "جیانی شاخ" اور مواضع جک کوڑا خاں، بتی دریش، بتی حملانی، بہادر گڑھ، کوٹ مبارک اور بستی ہوت پر حملانی اور بلیلانی شاخ کے لوگ قابض ہیں۔ بلیل شاخ کے لوگ کچھ فائدہ میں رہے کیونکہ ہر آنے والی حکومت نے کچھ مراعات دے کر انکو ساتھ ملا لیا۔ سکھوں کو ڈیرہ غازی خاں پر قبضہ کرنے کیلئے بہت دقت پیش آئی۔ کیونکہ بلوچ قبائل نے بہت مدافعت کی اگرچہ سکھوں کو نواب بہاولپور کی پشت پناہی بھی حاصل تھی۔ کھوسہ قبیلہ کی سربراہی برخوردار خاں ولد کوڑا خاں کھوسہ نے کی۔ کلہوڑہ خاندان کے مرید ہونے کی بنا پر میاں عبدالغنی کی مدد کیلئے سندھ میں جو لشکر گیا اسکی سربراہی بھی برخوردار خاں ہی کر رہے تھے۔ اور اس میں زخمی بھی ہوئے۔ آخر کار اسد خاں کی حمایت میں نتکانی قبیلہ کے ساتھ لڑائی میں لعل خاں نتکانی کے ہاتھوں "درہ سنگھڑ" کے قریب جام شہادت نوش کیا۔ بعض کا خیال ہے کہ انکو دھوکہ سے قتل کیا گیا۔ تاہم انکے لڑکے غلام حیدر خاں کی سربراہی میں کھوسہ قبیلہ نے جنگ جاری رکھی اور منگی اور مُہی کے قلعے فتح کر لیے۔

لعل خاں نتکانی کابل سے امداد لے کر کھوسہ قبیلہ پر پھر حملہ آور ہوگیا، ادھر سے نواب بہاولپور نے بھی لعل خاں کی مدد کیلئے دو ہزار فوج بھیجدی۔ یہ جنگ دلانہ میں ہوئی۔ جنگ دلانہ میں عمرانی "جیانی حملانی" اور دوسرے اتحادی قبیلے بڑی بے جگری سے لڑے، تاہم ہیرو خاں حملانی کھوسہ کی جنگی کارکردگی کو تاریخ ڈیرہ غازی خاں میں بہت سراہا گیا ہے۔ آخر کار لعل خاں مارا گیا اور کھوسہ قبیلہ جیت گیا۔

سکھوں کے ساتھ لڑائی میں سردار کوڑا خاں (وفات ۱۸۷۱ء) نے حالات کی نزاکت کے سبب جنرل ونتورہ کی حمایت کی جسکے نتیجہ میں جنرل ونتورہ کو راجہ رنجیت سنگھ سے ڈیرہ غازی خاں کا علاقہ ڈیڑھ لاکھ روپے سالانہ اجارہ پر مل گیا مگر جب دیوان ساون مل اور لہنا سنگھ نے ایک ہندو سادھو کے کہنے پر مسجد کو شہید کر دیا تو کھوسہ قبیلہ نے غلام حیدر خاں ولد کوڑا خاں کھوسہ کی سرکردگی میں شہر پر حملہ کر دیا۔ دونوں طرف بھاری جانی نقصان ہوا۔ مگر کھوسوں کو فتح حاصل ہوئی۔ بونگافل دگورنر شہر)، اجیت سنگھ، ساون مل اور لہنا سنگھ اور انکی طرف سے لڑنے والے جلال خاں لغاری قلعہ میں محصور ہو گئے۔ سب نے ہتھیار ڈالدیئے تو اس ہندو سادھو کو جس نے مسجد کو شہید کرایا تھا قتل کر کے باقی عام معافی دے دی گئی۔

ایڈورڈز لکھتا ہے کہ میرے پاس ۸۰ آدمیوں کے ہمراہ جلال خاں لغاری جو کھوسوں کا دشمن ہے، آیا ہے، پناہ کا طلبگار ہے، یہ واقعہ ۲۸ مئی ۱۸۴۸ء کا ہے۔

جنگ ملتان ۱۷ نومبر ۱۸۴۸ء میں کوڑا خاں کھوسہ اور اسکا بیٹا غلام حیدر خاں کھوسہ اپنی برادری عمرانی، جیانی، جملانی اور دوسرے ہم خیال لوگوں کے ساتھ بڑی بے جگری سے سکھوں کے خلاف لڑے۔ کامیابی پر لارڈ ڈلہوزی نے ایک ہزار روپیہ سالانہ کی جاگیر، بارہ سو روپیہ پنشن، ایک باغ اور "عالی جاہ" کا خطاب باپ اور بیٹے دونوں کو دیا۔

ڈیرہ غازی خاں

ڈیرہ غازی خاں کے پرانے شہر کی بنیاد تقریباً پانچ سو سال پہلے بلوچ قبیلہ کے سردار حاجی خاں نے اپنے بیٹے غازی خاں اول کے نام پر ۱۴۸۲ء میں رکھی جو ۱۹۱۰ء میں دریا برد ہو گیا۔ جنت نما شہر کے ایک سمت دریا بہتا تھا اور باقی تین اطراف میں باغات تھے۔ جن کا ذکر "ہفت باغ" میں وضاحت سے موجود ہے اور اس کتاب میں "نولکھا" باغ سرفہرست ہے۔ اسی طرح لٹ۔ ہربرٹ نے اپنی کتاب "پنجاب سرحد میں ایک سال" میں ڈیرہ غازی خاں کو پنجاب کا خوبصورت شہر قرار دیا ہے۔ اسے کھجوروں کا شہر کہا ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ اس علاقے میں قیصرانی، بزدار، کھوسہ، گرچانی، لاشاری، بگٹی اور مزاری قبائل آباد ہیں جن میں "نہار" کا نظام عدل موجود ہے۔ "رقعات عالمگیری" میں ڈیرہ غازی خاں کو بلوچی تہذیب و تمدن کا بہترین نمونہ قرار دیا گیا ہے۔ شہزادہ عالمگیر لکھتا ہے کہ یہاں چوری، ڈکیتی اور رہزنی نام کی کوئی چیز نہیں۔ غازی خاں اول جو حافظ قرآن، متقی اور پرہیزگار انسان تھے، جنہوں نے فریضہ حج

بھی ادا کیا تھا، نے بلوچ قبائل کو منظم کیا۔ شروع میں تو حسین خاں لنگاہ کی جاگیریں انکے ہاتھ لگیں، بعد میں انکی حکومت بہاولپور سے خوشاب اور ساہیوال تک پھیل گئی۔

غازی خاں اوّل ۱۴۹۴ء میں فوت ہوئے اور اپنے پسندیدہ باغ میں دفن ہوئے جسکو چار رہٹ سیراب کرتے تھے۔ جو بعد میں چور ہٹہ کہلایا۔ یہ باغ آج موجودہ شہر ڈیرہ غازی کے محلہ چور ہٹہ کے قریب قبرستان میں تبدیل ہو چکا ہے۔

غازی خاں دوم جنہوں نے خوب انتظام حکومت چلایا، نہریں کھدوائیں جن میں کستوری واہ، نہر مانکہ سرِفہرست ہیں، اپنے پیر و مرشد کے ساتھ لعل عین کوڑ میں آرام فرما رہے ہیں۔

غازی خاں سوم جن کو بھی کافی شہرت حاصل ہے اور جنہوں نے اپنے پیر و مرشد سید غیاث الدین عرف پیر عادل صاحب کیلئے ایک لاکھ روپے کی لاگت سے عالیشان مقبرہ تعمیر کرایا، مقبرہ کے جنوبی دروازہ کے سامنے ابدی نیند سو رہے ہیں۔

غازی خاں ہشتم حیدر آباد (سندھ) کے قریب مدفون ہوئے۔ کیونکہ وہاں بلوچوں کی ایک باہمی لڑائی میں مارے گئے، یوں بلوچ قبائل کا دورِ حکومت اس علاقہ میں عملاً ۱۷۷۲ء میں اختتام پذیر ہوا۔ اگرچہ حکومت میں انکی شراکت آج تک جاری ہے۔

راجپوت

راجپوت ہندی زبان کا لفظ ہے۔ جو "راجہ کا بیٹا" کے معنی میں مستعمل ہے بلفظ "رنگڑ" کے معنی ہیں تلوار سے لڑنے والا" لفظ راؤ ایک ٹیکہ ہے جو عام طور پر بطور لقب استعمال ہوتا ہے۔
لفظ خان لفظ "شان یو" کی تبدیل شدہ شکل ہے۔ ترک اپنے سردار اعلےٰ یا بادشاہ کو "شان یو" کہتے تھے۔ چین کے بادشاہ تائی سونگ نے ۶۲۶ء میں ترکوں کو شکست دے کر اپنے لئے سب سے پہلے لفظ "خان" استعمال کیا۔

نسب نامہ

بکرما جیت اعظم ۴۲ سنہ قبل از مسیح اجین میں پیدا ہوا۔ کانگری کے راجہ رام جہرد کی لڑکی نیولد سے شادی ہوئی۔ اس زمانہ کے نورتن بڑے مشہور ہیں۔ سن بکرمی کی ابتدا بھی یہیں سے ہوئی۔ بکرماجیت کے کرم چھتر بکرم چرتر، بھوداس، چندر سین اور دھرم سنگھ پانچ لڑکے ہوئے۔ کرم چھتر کے تین لڑکوں کے نام یہ ہیں۔ کرن، شیشل اور شب راج۔ شیشل سے راجہ بھوج تک سلسلہ اس طرح ہے۔ شیشل۔ شب ست بدھ سین۔ بھیندر سین۔ ابھے نوپال۔ اجون۔ ساندل۔ جگت جے۔ بھیپ۔ بھیس۔ بجے بھوپال سرسوت۔ سوہائے۔ الیشو۔ جن سوا۔ سندھ۔ بھوج۔

راجہ بھوج ۵۴۲ سنہ بکرمی میں تخت نشین ہوا۔ علم وہنر کا بڑا دلدادہ تھا۔ اس کے دورِ حکومت میں ملتان میں ۵۹۲ سنہ بکرمی کو لڑائی ہوئی جس میں راجہ کامیاب ہوا۔ مہاراجہ بھوج ۶۳۱ سنہ بکرمی کو فوت ہوا۔

مہاراجہ بھوج کے فرزندوں کے نام یہ ہیں۔ جے چند۔ بھیم۔ سرجیت اور بہوجھاجک۔ جے چند ۶۴۱ سنہ بکرمی میں گدی نشین ہوا۔ اسکے بعد راجہ بھیم ۶۵۱ سنہ بکرمی میں چتوڑ کی گدی پر بیٹھا۔ راجہ بھیم کے سات بیٹے تھے۔ جن کے نام یہ ہیں۔ مان، ملیہ، دردم، بن ہن، ہرسین اور ترچو۔ مان سرور جھیل پر ایک کتبے پر مان کی یاد میں ۷۷۰ سنہ بکرمی کا کتبہ درج ہے۔ مان سے پرتاب اور اسکی پشت سے رتن پال اور اسکے بعد اندرپال نے حکومت کی باگ ڈور سنبھالی۔ اندرپال کا چندرپال اور اس کا اودیات ہوا۔ اودے پور میں مندر پر اودیات کی یاد کے طور پر ۱۱۱۶ سنہ بکرمی درج ہے۔ اودیات کے اندھول، جگدیو پیل دھول۔ بھیپ دھول۔ سنگھ دھول اور بیر دھول چھ لڑکے ہوئے۔ جگدیو سے پنوار راجپوت کی شاخ جدا ہوئی ہے۔ جگدیو مشہور راجہ گزرا ہے۔ جگدیو کے بعد اس کا بیٹا پاتل سنگھ تخت نشین ہوا۔ راجہ پاتل سنگھ نے دار کو چھوڑ کر جم گڑھ میں حکومت قائم کی۔ اسکے بعد ترتیب یہ ہے۔ پاتل سنگھ، اندٹک ہمیر سنگھ۔ بھورا راؤ۔ بھیب سنگھ۔ جگ بیر سنگھ۔ ہت سنگھ۔ کاکم سنگھ۔ بجے سنگھ۔ پرتاب سنگھ۔ کلیان سنگھ

مہاراجہ کلیان سنگھ ۹۷۲ سنہ بکرمی میں پیدا ہوا۔ اصلی نام کالو تھا۔ اٹھارہ سال کی عمر میں راجہ اننگ پال کی بیٹی بسار دے سے شادی ہوئی۔ راجہ اننگ پال کی کوئی نرینہ اولاد نہیں تھی۔ لہذا ۷ گاؤں کلیان سنگھ کو دیئے۔ کلیان سنگھ کا ۶۸ سال کی عمر میں انتقال ہوا۔ کلیان سنگھ کے

مسمیان سوہن پال، لبت پال، سیفدے، ہیجا اور راؤ رانا (عرف راؤ رانا) پانچ بیٹے ہوئے۔ راؤ رانا کے بارہ بیٹے ہوئے۔ اودا، دھاماں، کسو سنگھ، بلیا، لالہ، پری پال، تیجا، گنگا، سونا، ہندا، رانا اور راہ۔ رانا کے بینی پال، ادیان اور دیپال تین فرزند ہوئے۔

بینی پال کو آبھا، جگمال، لیکھا اور شا جیسے چار فرزندوں سے پہچانا جاتا ہے۔ آبھا کو اللہ تعالیٰ نے تین فرزند عطا فرمائے۔ ابر، رانا اور روپ۔ ابر سے بیرم راج اور لوک چند تین فرزند ہوئے۔ بیرم کے چار بیٹوں کے نام یہ ہیں۔ ہان، جامان اور بھوجنج راج۔ ہان کے ہاں انارود اور میگھ چند ہوئے۔ میگھ چند کے سات لڑکے یہ ہیں۔ دالا، کل چند، ناہر، رتن (موجی سنگھ)، کانو، ہم سنگھ اور راؤ۔

رتن عرف موجی سنگھ اپنے عزیزوں اور رشتہ داروں کے ساتھ مشورہ کر کے فیروز شاہ تغلق کے دورِ حکومت میں حضرت نظام الدین اولیاء کے دستِ مبارک پر مشرف بہ اسلام ہوئے اور موجی سنگھ سے معز الدین کہلائے۔ کلیان سنگھ سے معز الدین کا زمانہ چار سو تیس سال کا بنتا ہے۔ معز الدین کے سات لڑکوں کے نام یہ ہیں۔ اودا، شبیر، ملھو، اودت، ہمیرا، بشیر اور گندھو۔ بشیر کے مسمیان پرتاب، پرمو، سیکھ چند اور سبھا چند چار لڑکے ہوئے۔ اسی طرح پرتاب کے بھی ہر سنگھ نر سنگھ، برسنگھ اور مہتم چار لڑکے ہوئے۔ ہر سنگھ کے راؤ چاند ہوئے اور راؤ چاند کے راؤ کونبھا۔

راؤ کونبھا کو اللہ تعالیٰ نے پانچ فرزند عطا فرمائے۔ تارا چند، سبھا چند، جگتو، بلو اور حسن۔ تارا چند اور سبھا چند تحصیل ساہیلہ میں آباد ہوئے اور انکی اولاد شہرت نہ پا سکی۔ جگتو (جگتوان) راؤ بلو کے بڑے بھائی تھے۔ ان کا سنہ ۱۶۷۶ء میں انتقال ہوا۔ انکے بعد انکے بھائی بلو خان مورث قرار پائے۔ جگتو خان کی اولاد میں سے سائیں عبدالرزاق صاحب بن عظیم بخش خان اولیاء اللہ میں سے ہیں۔ سنہ ۱۹۴۷ء کی ہجرت کے بعد سائیں صاحب دیپالپور میں تشریف لائے اور وہیں انتقال فرمایا۔ عقیدت مندوں نے بڑی محبت سے عالیشان مقبرہ تعمیر کیا ہے۔ ساتھ ہی یتیم خانہ اور دینی درسگاہ بھی ہے۔ جہاں سے سینکڑوں بچے مخصوص وردی میں ملبوس ہو کر مستفید ہو رہے ہیں۔

راؤ بلو خان اپنے بھائی جگتو خان کی وفات کے بعد سنہ ۱۶۷۸ء میں مورث قرار پائے اور تمام انتظامی اختیارات سنبھال لئے۔ یہ وہ زمانہ ہے جب آٹھ ہزار لگان کے انکاری ہونے پر کلانور چھوڑنا پڑا اور رند بلوچ اس پر قابض ہو گئے۔ راؤ بلو خان کی دو شادیاں ہوئیں۔ بڑی بیوی سے کنور کریم، بکرمہ اور بہار خان تین فرزند ہوئے۔ یہ بڑا پانہ مشہور ہوا۔ جبکہ چھوٹی بیوی سے کمال خان، شیر خان، شہباز خان، محمد خان، چوہڑ خان اور کیسری سنگھ چھ فرزند ہوئے۔ اسکو چھوٹا پانہ کہا جاتا ہے۔

کمال خاں جو فارسی خواندہ تھے اور دربار شاہی سے منسلک تھے، چھ بیٹوں کے باپ بنے۔ جنکے نام یہ ہیں۔ جگدیو خاں، احمد خاں، شاہ مراد خاں، جبین خاں، نعمت خاں اور سار دول خاں۔
حسن خاں راؤ بلو خاں کے چھوٹے بھائی تھے۔ انکی سخاوت کی بڑی شہرت تھی۔

سابقہ آبادی کلانور

بندوبست اراضی ۱۸۰۹ء کے مطابق پانہ کلاں اور خورد کے نام سے کلانور کلاں اور کلانور خورد دو گاؤں درج کاغذات ہوئے۔ جبکہ دوسرے محکموں میں ایک گاؤں کلانور لکھا جاتا تھا۔ رقبہ دیہہ ۳۱۰۷۵۰ ایکڑ درج ہے اور جمع سرکار ۱۹۲۲ء تک ۱۰۵۰۰ روپے سالانہ تھی۔ ہر دو پانوں کی تقسیم بحصّہ برابر تھی۔ بڑے پانے کے پانچ محلے بزرگوں کے نام پر مشہور تھے۔ جیسے اجمیری خاں، بھکن خاں، دائم خاں یا معظم خاں، سلیم خاں اور جعفر خاں بکرم کے بیٹے راؤ شاہ محمد کو نصف حصّہ ملا۔ اور بکرن کی اولاد کو بقیہ نصف باستثنائے جگنو خاں، جو ½ حصہ کے مالک بنے۔
پانہ خورد کی آبادی کلانور کے جنوبی حصّہ میں تھی، کئی محلے مشہور تھے۔ جیسے شہباز خاں کے نام کا محلہ، جسے کھوکھرٹیوں کے نام سے بھی پکارا جاتا تھا۔ محمد خاں کے محلے کو کھیرلیوں کا محلہ کہا جاتا تھا، چوہڑ خاں کے بیٹے دولت خاں کے نام سے کھیرٹی والوں کا محلہ مشہور ہوا۔
کمال خاں کے بیٹوں کے نام سے بھی محلے تھے۔ جس طرح جگدیو خاں، احمد خاں، شاہ مراد خاں، جبین خاں، نعمت خاں اور سار دول خاں، جسے بعد میں لاڈ خاں کا محلہ بھی کہہ دیتے تھے۔ پانہ خورد کی آبادی تین ہزار نفوس کے لگ بھگ تھی۔ جبکہ گھر تین سو تھے۔ پانہ خورد میں نصف سے زیادہ اشخاص ملازم افواج تھے۔ چاہات آبنوشی تین تھے باقی کاشت وغیرہ کے لیے دس پختہ چاہات تھے۔ ہر محلہ میں پنچایت کیلئے جدا بنگلہ ہوتا تھا۔ ۱۹۱۰ء میں کل آبادی سات ہزار بیان کی جاتی ہے۔

پہلا شجرہ (شجرہ نبویؐ)

حضرت آدم علیہ السلام (۲۷۹۲ — ۱۸۵۴ قبل از طوفانِ نوح علیہ السلام) — حضرت شیث علیہ السلام (۲۳۴۲ — ۴۲، ۲ قبل از طوفانِ نوح علیہ السلام) — انوش (حضرت یونس علیہ السلام) — قینان — مہل الائیل — یارد — اخنوع (حضرت ادریس علیہ السلام) — متو سالخ (حضرت صالح علیہ السلام) — لامک (مالک) — یشکر (حضرت نوح علیہ السلام) المعروف آدم ثانی — سام — ارفخشند — شالخ — عابر — فالج (فالق) — رعو — سروج (اشارج) — ناحور — عوتارخ (آذر) — حضرت ابراہیم علیہ السلام — حضرت اسماعیل علیہ السلام — قیدار — حمل — شہابت — سلیمان (سلامان) — ابع — اود — اد — عدنان — معد — نزار — مضر — الیاس — خزیمہ — کنانہ — نضر — مالک — فہر — غالب — لوی — کعب

دوسرا شجرہ (بلوچ شجرہ)

حضرت امیر حمزہؓ ـ عمر ـ سعد ـ احمد بلوص ـ دُر پوش ـ ذُوالحج ـ نوبک ـ حسن ـ رادد ـ اطلنش ـ گل چراغ ـ سرخ تاج ـ میر عمارہ ـ میر احمد ـ دوست محمد ـ شاہ عباس ـ ہارون ـ محمد ـ جُنید ـ میر جلال خاں

- رند
- لاشار
- کورا
- ہوت
- جتوئی
- بلو
- علی

رند ـ رزمان ـ نوناصردین ـ احمد ـ گیبو ـ فیروز ـ کلو ـ فیروز شاہ ـ میر اسحاق ـ میر شہک ـ میر چاکر(۱) ـ میر شہداد ـ میر میراں ـ میر نور سلطان ـ میر حاجی ـ صاحب خاں ـ عزت خاں ـ رکن خاں ـ اکبر خاں ـ میر شہداد خاں

- گہنے خاں
- چاکر خاں
  - جیون خاں ـ سلطان خاں ـ بخش خاں
  - رکن خاں
    - ذوالفقار خاں ـ خان محمد خاں ـ نصیب خاں
    - سید خاں ـ کرم خاں
  - بیرن خاں ـ بشیر خاں ـ جہانگیر خاں
  - عزت خاں ـ غلام خاں ـ الست خاں
- لشکر خاں
  - ولی داد خاں ـ جلال خاں ـ فاضل خاں ـ منظور خاں
  - عالم خاں ـ حیدر خاں ـ احمد خاں
- قادر بخش خاں
  - دلاور خاں ـ محب علی خاں ـ محمد نواز خاں (معاون مرتب)
  - علاول خاں ـ اکبر خاں ـ امیر خاں
- دیدار بخش خاں
  - امیر خاں ـ لبھے خاں ـ رمضان خاں
  - اکبر خاں ـ جہانگیر خاں ـ محمد خاں ـ حال رہائش ۲۷/۴ رحیدی (شیں کھرا) اوکاڑہ

آمد میر چاکر خاں رند (530ء) ۱۲ کلومیٹر مزار میر چاکر خاں (ست گھرہ)

بقیہ نمبر ۱
میر چاکر خاں ولد میر شہک خاں
میر الداد
میر شہداد
میر داد
میر باگڑ
میر نوح
میر محمود
لال بیگ ۔ شکر خاں ۔ دریا خاں ۔ حکم خاں ۔ خدر خاں ۔ نتھو خاں ۔ شاہو خاں ۔ بیرن خاں ۔ اللہ یار خاں
۔ منظور احمد خاں ۔
علیب اللہ خاں
عبدالمجید خاں
نوید خاں
شکر خاں

تیسرا شجرہ (حملانی کھوسہ)

میر جلال خاں

رند — لاشار — کورا — ہوت — جتو — بلو — علی

ہوت: میر عبدو خاں

میر عبدو خاں: کھوسہ خاں — علی خاں

علی خاں: پنوں خاں

کھوسہ خاں: شہک خاں — بھادا خاں — داخار خاں

حمل خاں — حاجی خاں — بسمو خاں — داخار خاں — بھادا خاں

حمل خاں (حملانی) جیا خاں (جیلانی) عمر خاں (عمرانی) بلبل خاں (بلبیلانی)

حسہ خاں — بھمبھہ خاں — کھتی خاں

جاموں خاں (بستی ہوت) (دیکھے چوتھا شجرہ) بابل خاں (اوّل) بستی مٹھہ وغیرہ

ہیرو خاں — دولت خاں — نیازی خاں (اول) — حیدر خاں

نور خاں — گہنہ خاں — گہور خاں — سید خاں — عیسن خاں (اول) — مٹھہ خاں (اول) — مسو خاں — تگیہ خاں

شیرا خاں — عیسے خاں — ہیرو خاں — دولت خاں — شہل خاں — مٹھہ خاں — (سلسلہ نمبر ۲) — (سلسلہ نمبر ۳) — (سلسلہ نمبر ۴) — جیہند خاں — مسعود خاں — سوہنرا خاں

دودہ خاں — گہنہ خاں — تگیہ خاں (سلسلہ نمبر ۴) — محمود خاں — سوبھل خاں

حسین خاں — جیون خاں (سلسلہ نمبر ۱)

لعل خاں — مٹھہ خاں — سوبھ خاں — محمد حسین خاں

خانن خاں — جانن خاں — گامن خاں

تالو خاں: لشکر خاں — صدیق خاں

لشکر خاں: خدا بخش خاں — قائم خاں

گہور خاں — سید خاں — درگاہی خاں — امام بخش خاں

بخش خاں — جانن خاں — عبداللہ خاں — اللہ وسایا خاں — (۹) خان محمد خاں

احمد خاں (۹) — محمد خاں — حسین خاں — گہور خاں

گامن خاں: جندوڈہ خاں — اللہ بخش خاں — احمد خاں

جانن خاں — نورن خاں — لعل خاں

اللہ ڈتہ خاں — اللہ ڈوایا خاں — واحد بخش خاں

قادر بخش — الٰہی بخش خاں

اللہ داد خاں — اللہ وسایا خاں — احمد خاں — سوہنا خاں — فرید خاں — عبدالغفور خاں — حاجی بصیر خاں

غلام حسین خاں — غلام رسول خاں — رمضان خاں — عبداللہ خاں

گہور خاں — جلال خاں — شہل خاں — سیدو خاں

مبارک خاں — غلام محمد خاں — جندوڈہ خاں

عطا محمد خاں — مٹھہ خاں — عظیم خاں — رحیم خاں — کریم خاں

بقیہ تیسرا شجرہ - سلسلہ نمبر ا

جیون خاں ولد گہور خاں
(حملانی اندر پہاڑ)

فوج علی خاں — بہارا خاں — گہور خاں

بہارا خاں: بھکو خاں

فوج علی خاں: مہر علی (مہرن)

مہر علی: امیر علی خاں، سبز علی خاں، ددھایا خاں

امیر علی خاں: وزیر علی خاں، مہرن خاں، پاندھی خاں

وزیر علی خاں: ہورن خاں
مہرن خاں: امید علی خاں
امید علی خاں: ایوب خاں، منظور خاں، یوسف خاں، سرور خاں

سبز علی خاں: کٹو خاں، دکھو خاں
کٹو خاں: قادر بخش خاں، فیض محمد خاں
دکھو خاں: محمد نواز خاں، جان محمد خان، جان محمد

ددھایا خاں: مہر علی خاں، فوج علی خاں، داد علی خاں - کنجاں
فوج علی خاں: فیض محمد خاں، محمد خاں
داد علی خاں: عبدالغنی

بقیہ سلسلہ نمبر ۲

متھہ خاں ولد سید خاں (حملانی اندر پہاڑ)

ثمرہ خاں

ثمرہ خاں: سونا خاں، متھہ خاں

سونا خاں: جمالن خاں، جلالن خاں — گل بیگ خاں

جمالن خاں: محمد خاں، نبی بخش خاں
جلالن خاں: جلال، دین محمد

محمد خاں: متھہ خاں، میوہ خاں
نبی بخش خاں: موسے خاں، چاکر خاں، جمال خاں

بقیہ سلسلہ نمبر ۳

عیسن خاں (اول) ولد نیازی خاں

احمد خاں، سماعیل خاں — سید خاں (اول) (۶)

صاحب خاں، عیسن خاں، اسماعیل خاں

بقیہ سلسلہ نمبر ۴

تگیہ خاں ولد سوہانرا خاں

مسو خاں، حاجی خاں، حیدر خاں، کرم خاں، میوہ خاں، الہی بخش خاں

مسو خاں: شیرا خاں، علی خاں
شیرا خاں: یعقوب خاں
یعقوب خاں: موسیٰ خاں
علی خاں: غلام فرید خاں، نبی بخش خاں

حاجی خاں: تگیہ خاں، سوہانرا خاں
تگیہ خاں: امام بخش خاں، کرم خاں
سوہانرا خاں: اللہ ڈتہ خاں، کالو خاں

الہی بخش خاں: اللہ بخش خاں، اللہ دیایا

غلام رسول خاں، غلام محمد خاں، غلام سرور خاں، احمد بخش خاں، رب نواز خاں، عبداللہ خاں، غلام فرید خاں، غلام عباس خاں

بقیہ: تیسرا شجرہ سلسلہ نمبر ۵ مٹھہ خاں (اول) ولد نیازی خاں (نسل مٹھہ خاں)

نیازی خاں (ثانی) — لعلو خاں — جالو خاں — سلیم خاں

بابل خاں (ثانی)

تور خاں (تاریخ ریکارڈ ۱۸۶۵ء) — بڈھا خاں — مٹھہ خاں (دوم)

کرم خاں (اول) (ریکارڈ اپریل ۱۸۹۸ء) — لعل خاں (خط و کتابت ۱۱ ستمبر ۱۹۰۲ء) — مبارک خاں

کالو خاں وفات ۱۹۳۴ء — لعلو خاں — کوڑا خاں — نیازی خاں (ثالث) — بابل خاں (ثالث) وفات ۱۹۵۵ء — عظیم خاں

میوہ خاں — کرم خاں (ثانی) نمبر ۷ — علی محمد خاں — اللہ ڈوایا خاں — شیر خاں

لعل خاں — اللہ وسایا خاں — عبداللطیف خاں — عبدالمجید خاں

غلام حیدر عرف بھارو (بہادر خاں) — کالو خاں — گلزار احمد خاں — منظور احمد خاں — میوہ خاں — بشیر احمد خاں

اللہ ڈتہ خاں — عطا محمد عطا خاں (مرتب) — نصیر خاں — محمد شریف خاں — غلام فرید خاں — عبدالعزیز عرف جیلو خاں

عبدالرحمن خاں — عرفان اللہ خاں — محمد صدیق — منیر احمد — محمد جہانگیر — حنیف احمد

محمد خاں — میر خاں — احمد خاں — حسین خاں — حسن خاں

خان محمد خاں — نور خاں — غلام علی خاں — لکھی خاں — عطا محمد خاں — فیض محمد خاں — غلام فرید خاں — ابراہیم خاں

سہراب خاں — اکبر خاں — جانان درویش خاں

سکندر خاں — یونس خاں — خورشید احمد

جاوید اقبال — مجاہد اقبال — خورشید

شفیق احمد — عبدالغفار

محمد اسلم — محمد اعظم

اللہ بخش — خدا بخش — غلام مصطفیٰ

قاسم خاں — خادم — عاصم

بقیہ نمبر (۶) سید محمد خاں ولد اسماعیل خاں

بقیہ نمبر (۷) کرم خاں ولد کالو خاں
حاجی بھار خاں
حاجی گل احمد خاں
حاجی اللہ ڈتہ خاں
نصیر خاں
غلام فرید خاں
بشیر احمد خاں
حاجی کالو خاں
شوکت علی خاں
میوہ خاں
حاجی منظور احمد خاں
عطا محمد خاں (مرتب)
غوث اقبال خاں
حاجی محمد شریف خاں
عبدالعزیز عرف جیلو
محمد اسحاق خاں
عرف محمد خاں
محمد یعقوب خاں
محمد اسماعیل خاں
محمد یوسف خاں
محمد سرور خاں
عرف رمضان خاں
محمد سلیم خاں
محمد فاضل خاں
عمر دراز خاں
حبیب اللہ خاں
نوید اقبال خاں
غلام مصطفٰے خاں
اللہ ڈیوایا خاں
غلام مرتضٰے خاں
محمد ارشد خاں
مستھہ خاں
سوئم
اللہ بخش خاں
رب نواز عرف
لعلو خاں
رشید خاں
نیازی خاں
غازی خاں
رازی خاں

احمد خاں ولد بخش خاں

بقیہ نمبر ۸

فیض محمد خاں — غلام لیسین خاں — ظفر اقبال خاں — غوث اقبال خاں — اختر حسین خاں

عظمت لیسین — شفقت لیسین — شوکت لیسین — ارشد لیسین — جاوید اقبال — خورشید احمد خاں

جمشید

ریاض حسین — اعجاز حسین — رب نواز — محمد نواز — راشد ظفر اللہ — فہد ظفر اللہ — فیاض — اسحاق

ایاز حسین

خان محمد خاں ولد عبد اللہ خاں

بقیہ نمبر ۹

غلام رسول خاں — غلام فرید خاں — امام بخش خاں — عطا محمد خاں — بشیر احمد خاں

اسماعیل — رفیق — خلیل — عبد اللطیف

اللہ ڈوایا

فدا حسین (مست) — نذر حسین — محمد حنیف

رمضان — عبد الرحمن — خادم

اللہ ڈوایا — اللہ بخش

جاوید اقبال — مجاہد اقبال

محمد شریف — رشید — محمد ابراہیم — حفیظ اللہ — غلام شبیر

شوکت — ارشد — شفقت

عبد الستار — عبد الغفار

چوتھا شجرہ (حملانی کھوسہ)

جاموخان (بستی ہوت)

سوہانزا خان

ہوت خان — دیل خان (۲) — حسن خان — حسہ خان

فتیح خان — میرخان — خانہ خان

جان محمد خان — عالم خان — سکندر خان — حسین علی خان — ملنگا خان — ہوت خان

صوبہ خان — پیارا خان

امام بخش خان — اللہ بخش خان — حیدر خان — نورن خان — حسن خان — پلیہ خان — حسہ خان

لسالو خان — سرزہ چلے گئے

خدا بخش خان

صوبہ خان — فتح محمد خان — خان محمد خان — یوسف خان

مسعود خان — سرور بخش خان — رحیم خان — بشیر خان

محمد داد خان

فضل خان — کرم خان — مبارس خان

غلام حسن خان

الہی بخش خان نمبردار — واحد بخش خان

احمد حسن خان — اسمٰعیل خان — ابوبکر خان — بلال خان

غلام مصطفٰے خان ہیڈ ماسٹر ہائی سکول — محمد شفیع خان

غلام محمد — صوفی احمد بخش خان

عطا محمد خان — حافظ اللہ بخش خان

محمد شریف خان لیکچرار — عبدالرشید خان لیکچرار — بشیر احمد خان — عبداللطیف خان

محمد حنیف خان (بشیر)

حسن خان — لشکر خان

خان محمد خان — محمد خان

خدا بخش خان — الہی بخش — واحد بخش خان — اللہ بخش خان

قادر بخش خان — لکھی خان — محمد اعظم خان — رب نواز خان — جاوید اقبال خان

عبداللہ خان — غلام فرید خان

غلام مرتضٰی خان — عاشق حسین خان — غلام حسین خان — اعجاز خان — اللہ بخش خان

اللہ ڈیوایا خان — اللہ داد خان — سکندر خان — کرم خان

غلام رسول خان ایکسین واپڈا — صادق خان

مبارک خان

محمد بخش خان — احمد بخش خان — مشتاق احمد خان — اشفاق احمد خان

بانی بستی ہوت۔ تاریخ ریکارڈ شوال ۱۱۸۸ھ

نورن خان — محمود خان — محمد یعقوب خان

غلام حسین

نورنگ خان — خانی خان

سردار خان (سلسلہ نمبر ۳) — ہوت خان

احمد خان — نصیر خان — غلام محمد خان

میر محمد خان (نمبر ۱) — نورن خان

اکرم خان — اللہ وسایا خان — گل محمد خان

نور احمد خان — مقصود احمد خان — طفیل خان — خلیل خان — جمیل خان

بقیہ سلسلہ نمبر (۳) چوتھا شجرہ سردار خاں ولد نورنگ خاں

سکندر خاں — جعفر خاں — دوست محمد خاں — خان محمد خاں

حاجی خاں — حسین خاں — امام بخش خاں — اللہ بخش خاں — غلام حیدر خاں

گلزار خاں — سوبھہ خاں — خان محمد خاں — غلام حسین خاں

محمد حسین خاں — محمد افضل خاں — محمد صدیق خاں — رحیم بخش خاں — غلام مرتضیٰ خاں

غازی خاں — بہار خاں — ماہیوال خاں — غلام مصطفیٰ خاں — ریاض حسین خاں

غلام عباس خاں — عبدالرحمٰن خاں

عطا محمد خاں — عبداللہ خاں — احمد بخش خاں — امام بخش خاں ف بخشو خاں

فرید عباس خاں — یونس عباس خاں — ظفر عباس خاں — اختر عباس خاں — اصغر عباس خاں

غیور خاں — اظہر عباس خاں

قادر بخش خاں

پانچواں شجرہ

سرداران کھوسہ ۔ شاخ بلیلانی کھوسہ

بقیہ نمبر ا
جہان خاں ولد برخوردار خاں
یوسف خاں
شمو خاں
ہوت خاں
لشکر عرف لکھو خاں
صاحب خاں
احمد خاں
میوہ خاں
علی محمد خاں
لعل خاں
یوسف خاں
فتح محمد خاں
الٰہی بخش خاں
صاحب خاں
مبارک خاں
رحمت خاں
غازی خاں
احمد خاں
سکندر خاں
رحیم بخش خاں
مسو خاں
مشتاق احمد خاں
محمد صدیق خاں
منظور احمد خاں
محمد عثمان خاں
اشفاق احمد خاں
ظفر خاں
محمد شریف
ایڈووکیٹ
محمد لطیف
ایڈووکیٹ
محمد نسیم خاں
ایڈووکیٹ
عرفان
عدنان
سمران
کامران
حیات خاں
فضل خاں
عظیم خاں
جان محمد خاں
صاحب خاں
نور محمد خاں
میوہ خاں
دوست محمد خاں
عطا محمد خاں
عبدالرزاق
محمد نواز
تاج محمد
اورنگ زیب
جہانگیر
شاہ جہاں
احمد نواز
حق نواز
عظیم خاں
نور محمد خاں
طاہر
ناصر
غلام حسن
ایوب خاں
فیض محمد خاں
یوسف خاں
محمد سعید
خدا داد
غلام عباس خاں
غلام مصطفٰے خاں
سرفراز خاں
غلام مرتضٰے خاں
طارق
عارف
ناصر
آصف
سعید
ذوالفقار خاں
ملوغ خاں
محمد اویس خاں
محمد ارشد خاں
نعیم
انور خاں
فیصل
کرم خاں
خان محمد خاں
امام بخش خاں
عبدالرحیم خاں
گل محمد خاں
نور محمد خاں
شیر محمد خاں
نوید
حمید
جان محمد خاں
فضل خاں
عزیز خاں
غلام حیدر خاں
لعل خاں

شاخ جیانی کھوسہ

بقیہ نمبر

رحیم ولد جیا خاں

(بقیہ نمبر ۲)
محبت خاں ولد داد و خاں
خضر خاں
غازی خاں
جانی خاں
تیغر خاں
علی شیر خاں
شہداد خاں
داد خاں
جانو خاں
مسعود خاں
دلاور خاں
جانن خاں
احمد خاں
محمد خاں
سانول خاں
محبت خاں
مہرہ خاں
لکھو خاں
لشکران خاں
غازی خاں
گل محمد خاں
مہرہ خاں
میرد خاں
مانک خاں
محبت خاں
چاکر خاں
عبداللہ خاں
ابراہیم خاں
مصطفے خاں
حسینی خاں
حافظ جان محمد خاں
حافظ محمد یعقوب خاں
لکھو خاں
اللہ داد خاں
علی شیر
اسحاق خاں
اسماعیل خاں
گل محمد خاں
علی محمد خاں
سوہارا خاں
جیون خاں
غلام محمد خاں
میر محمد خاں
نصیر خاں
خمیسے خاں
خدا بخش خاں
مانک خاں
عیسے خاں
موسے خاں
رحیم یار خاں
یعقوب خاں
محمد ایوب خاں
حافظ غازی خاں
سانول خاں
چاکر خاں
مٹھ خاں
اللہ بخش خاں
احمد خاں
فیض محمد خاں
مٹھو خاں
رحیم بخش خاں
خدا بخش خاں
یار محمد خاں
صدیق خاں
صوبھا خاں
شریف خاں
